بہترین کپاس کے کاشتکاروں کے نام اہم پیغام

کمپوسٹ بنائیں زمین کی زرخیزی بڑھائیں

BCI Better Cotton Initiative™

Sangtani

کمپوسٹ

کمپوسٹ ایک ایسا طریقہ ہے جس میں مختلف عوامل کو ملا کر زمین کی زرخیزی بحال کی جاسکتی ہے۔ اس کے استعمال سے زمین توانا ہونے کے ساتھ ساتھ مضر اثرات سے بھی بچ جاتی ہے۔

کمپوسٹ بنانے کا طریقہ

ضرورت کے مطابق مختلف لمبائی، چوڑائی کے گڑھے کھود کر ان میں کمپوسٹ بنائی جاسکتی ہے۔ گڑھے کی کم سے کم لمبائی 10 فٹ، چوڑائی 5 فٹ اور گہرائی 3-5 فٹ ہونی چاہیئے۔ پانی کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے گڑھے کی دیواریں اور تہہ اینٹوں سے پختہ کی جاسکتی ہیں، لپائی کی جاسکتی ہے یا پھر پلاسٹک شیٹ استعمال کی جاسکتی ہے۔ گڑھے کی تہہ میں سب سے پہلے ایک فٹ کی پتلی شاخوں اور پتوں کی تہہ بچھائیں، اس کے اوپر ایک فٹ کی دوسری تہہ سبزیوں کے چھلکے، فصلوں کے غیر ضروری حصے یا پھر گھاس وغیرہ کی تہہ لگائیں۔ تیسری تہہ گوبر کی لگائیں جو ایک فٹ کی ہو۔ ہر تین تہوں کے بعد پانی کا چھڑکاؤ کریں اور گڑھا مکمل بھرنے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ سب سے آخر میں مٹی کی ایک پتلی تہہ بچھائیں یا پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپ دیں۔ چار بانس گڑھے کے چاروں کناروں میں گاڑھ دیں اور 7 تا 8 دن بعد یہ بانس اسی طرح نکال لیں کہ سوراخ اپنی جگہ قائم رہیں اور ان سوراخوں سے ہوا کا گزر آسانی سے ہوسکے۔ ان سوراخوں میں گڑ کا شیرہ یا دہی ڈال دیں ان سے بیکٹیر یا وافر مقدار میں پیدا ہوجاتے ہیں جو زمین کو زرخیز کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ 30 دن بعد اس کو الٹ پلٹ کریں اور دوبارہ پانی کا چھڑکاؤ کر کے بند کردیں۔ نمی برقرار رکھنے کے لئے 9-10 دن کے وقفے سے پانی کا چھڑکاؤ کرتے رہیں 70-90 دن بعد کمپوسٹ زمین میں ڈالنے کے لئے تیار ہوگا

کمپوسٹ کے فوائد

1. پانی کو جمع رکھنے، جذب کرنے اور پودے کے لئے پانی کی دستیابی کو یقینی بناتا ہے۔ تیز اور موسلا دھار بارش میں پانی زمین میں تیزی سے جذب ہوتا ہے اس طرح زمین کا کٹاؤ نہیں ہوتا۔
2. یہ زمین کو نرم کرتا ہے جس سے زمین پر کام کرنا مثلاً جڑی بوٹیوں کو تلف کرنا آسان ہوتا ہے۔
3. پودوں کی جڑیں گہرائی سے خوراک حاصل کرتی ہیں
4. فصلوں کی بڑھوتری میں بہتری آتی ہے
5. زمین کا درجہ حرارت نہیں بڑھتا اور آبی بخارات کے ذریعے پانی کا ضیاع نہیں ہوتا۔
6. ریتلی زمین میں پانی جمع رکھنے اور سنبھالنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔
7. بیج کے اگنے کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے
8. تیزابی اور نمکیاتی خواص کو موزوں رکھتا ہے جس سے فصل کی پیداوار اچھی ہوتی ہے۔

سنگتانی وومن رورل ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن

گلی نمبر 3، بودلہ کالونی تحصیل و ضلع راجن پور

فون نمبر 0604-688997 / 0333-8827744

ای میل sangtani.wrdo@gmail.com